# صحت مند زندگیاں،
# تندرست لوگ:

تازہ ترین معلومات اور پیش قدمی

# صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ: تازہ ترین معلومات اور پیش قدمی

ہر میجسٹی کے حکم سے
سیکریٹری آف اسٹیٹ نے
پارلیمنٹ کو پیش کیا

£ 15.50

Cm 6134

© کراؤن کاپی رائٹ 2011

آپ (لوگوز کے علاوہ) ان معلومات کو کھلے حکومتی لائسنس (Open Government License) کے تحت کسی شکل یا میڈیم (وسیلے) میں مفت استعمال کر سکتے ہیں۔ اس لائسنس کو دیکھنے کے لئے http://www.nationalarchives.gov.uk/doc-open-government/license/ ملاحظہ کریں یا psi@nationalarchives.gsi.gov.uk. پر ای میل کریں۔

جہاں ہم نے کسی تیسرے فریق کے کاپی رائٹس کی نشان دہی کی ہے، آپ کو متعلقہ کاپی رائٹس رکھنے والوں سے اجازت حاصل کرنی ہوگی۔

اس مطبوعے سے متعلق کوئی استفسارات ہمیں Public Health Development Unit, Department of Health, G14 Wellington House, 133-155 Waterloo Road, SE1 8UG کے پتے پر ارسال کئے جانے چاہئیں۔

یہ مطبوعہ ڈاؤن لوڈ کے لئے www.official-documents.gov.uk پر دستیاب ہے۔

یہ دستاویز www.dh.gov.uk پر بھی دستیاب ہے۔

9780101813426 ISBN

ہر میجسٹی کے اسٹیشنری آفس کے کنٹرولر کی طرف سے یو کے میں طبع کیا گیا

07/11 2441180 ID

کم سے کم 75% ری سائیکل شدہ ریشے کے مواد پر مشتمل کاغذ پر طبع کیا گیا

# انتظامی خلاصہ

1. قرطاس ابیض *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ: انگلینڈ میں صحتِ عامہ کے لئے ہماری حکمتِ عملی (Healthy Lives, Healthy People: Our strategy for public health in England)* نے انگلینڈ میں صحت عامہ کے اصلاح شدہ نظام کے ایک بے باک تصور کا تعین کیا۔ پالیسی کا یہ بیان اس تصور کو ترقی دینے میں ہماری کی گئی پیش رفت کا تعین کرتا ہے اور ان مسائل، جن کے بارے میں مزید ترقی درکار ہے، اور اس کام کے لئے وقت کے ایک ڈھانچے (فریم ورک) کی نشان دہی کرتا ہے۔

2. *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ* نے صحت عامہ کے لئے ایک نئی رسائی کے لئے حقیقی ولولہ اور مقامی حکام اور صحت عامہ کے پیشے میں عوام کے دور حیات کے دوران اصلاح صحت کی ذمہ داری پیدا کی ہے۔ ہم اس معیار حرکت کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں، اور آج تک ہونے والی ترقی اور اگلے واضح اقدامات کا تعین کرتے ہوئے ہمارا مقصد ہے کہ ہم غیر یقینی صورتِ حال میں کمی لائیں اور ہم مقامی حکام اور صحت عامہ کے پیشہ ور ماہرین کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں کہ وہ ان مقامی تعلقات اور شراکتوں کی منصوبہ بندی کر کے ان کی تعمیر کریں جو صحتِ عامہ کے نفاذ کے نئے ایک کلید ثابت ہوں گی۔

3. *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ* میں مجوزہ بے باک تبدیلیاں ان چیلنجوں کے جواب میں کی گئی ہیں جن کا سامنا ہم صحت عامہ میں کرتے ہیں۔ مثلاً تین میں سے دو بالغ افراد کا وزن زیادہ ہے یا وہ فربہ ہیں؛ اور صحت میں عدمِ مساوات بہت وسیع رہتی ہے جس میں غریب ترین علاقوں کے لوگوں کی زندگیاں امیر ترین علاقوں کے ان لوگوں کی نسبت اوسطاً 7 سال کم ہوتی ہیں جو اپنی ناقص صحت کے ساتھ 17 سال زیادہ زندہ رہتے ہیں۔ اور صحت کے بڑے خطرات کا سلسلہ بیماریوں یا عام وبائی امراض کے پھوٹ پڑنے سے لے کر دہشت گردی کے حادثات کے امکانی اثرات تک رہتا ہے۔

4. اس چیلنج کو ایک نئی رسائی کی ضرورت ہے، جس میں اس کو نظم و ترتیب کے ساتھ صحت کی سرکاری مہارت کی تائید حاصل ہو اور حقیقی سیاسی ترجیح دی جائے، چنانچہ ہم انگلینڈ کے لئے صحت عامہ کے ایک اصلاح شدہ سرکاری نظام کے پابند ہیں جس میں:

- **مقامی حکام صحت کی نئی ذمہ داریاں اٹھائیں۔** مقامی حکومت کو یہ نیا کردار دینے سے مقامی خدمات (مثلاً صحت، رہائش، تفریح، منصوبہ بندی، ٹرانسپورٹ، ملازمت اور سماجی نگہداشت) کے مکمل سلسلے کا احاطہ کرتے ہوئے برادری کی شمولیت اور صحت اور خیر و عافیت کے مکمل حل تیار کرنے کے لئے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ دائرے میں محدود بجٹ مقامی حکام کی صحتِ عامہ کی نئی ذمہ داریوں کی تائید کرے گا۔ صحت عامہ کے ڈائریکٹر مقامی اتھارٹی کے صحت کے بڑے مشیروں کے طور پر اس کام کی قیادت کریں گے؛
- **صحت عامہ کی خدمت کا ایک نیا مکمل نظام، Public Health England (صحت عامہ انگلینڈ) مقامی حکام کی تائید کرے گا،** جو صحت عامہ اور خیر و عافیت کے بہتر نتائج کی فراہمی پیدا کرے گا اور آبادی کی صحت کے خطرات سے حفاظت کرے گا۔ Public Health England اس وقت پورے نظام صحت میں پھیلی ہوئی صحت عامہ کی مہارت کے متنوع سلسلے کو ایک جماعت میں اکٹھا کرے گا۔ یہ ماہرانہ مشورے، ذہانت اور ثبوت تک رسائی کو یقینی بنائیں گے اور نئی راہوں، بشمول علومِ نفسیات و عمرانیات کی بصیرت کی ترقی کے لئے ایک نقطہؑ ارتکاز مہیا کرے گا؛ اور صحت کی حفاظت کی ایک لچکدار ماہرانہ خدمت فراہم کرے گا؛
- **ان نتائج پر ایک مضبوط تر مرکز توجہ جو ہم پورے نظام میں حاصل کرنا چاہتے ہیں۔** دوران زندگی صحت کی اصلاح اور حفاظت کے وسیع مواقع کا تعین کرتے ہوئے اور صحت میں ابھی تک موجود عدم مساوات میں کمی لانے کے لئے اس سال بعد میں صحت عامہ کے نتائج کا ایک ڈھانچہ (فریم ورک) شائع کیا جائے گا۔ ان نتائج کے لئے قومی سے لے کر مقامی سطحوں تک، اور ساری خدمات عامہ اور وسیع تر معاشرے کے صحت عامہ کے تمام حصوں کی مجموعی مساعی درکار ہوں گی۔

- **صحتِ عامہ ایک واضح ترجیح رکھتی ہے**، یہ بات کاروبار حکومت کے ایک مرکزی جزو کے طور پر دیکھی جا سکتی ہے، اور یہ یقینی بنانے کی خاطر کہ صحت عامہ کی مداخلتوں پر مرکز توجہ برقرار رہے، وسائل اس کی تائید کرتے ہیں؛ اور
- **عدم مساوات میں کمی لانے کی ذمہ داری** صحت کے وسیع تر تعین کنندگان کی طرف متوجہ ہونے کے لئے Marmot's Review (مارمٹ کا جائزہ) H[1] کے نزدیک ہوتے ہوئے، خدمات صحت کے نتیجے اور ان تک رسائی میں عدم مساوات میں کمی لانے کی خاطر NHS کے کردار کی تکمیل کرتے ہوئے صحت عامہ کے تمام حصوں کے لئے ایک ترجیح ہے۔

5. صحت عامہ سے متعلق حالیہ مشاورتوں اور ہیلتھ اور سوشل کئیر بل (مسودہٴ قانون برائے صحت و سماجی نگہداشت) کی سماعت نے صحت عامہ پر اِس مستحکم شدہ مرکز توجہ، صحت عامہ کی نئی ذمہ داریاں مقامی حکام کو سونپنے اور مارمٹ کے ایجنڈا کی ذمہ داری کے لئے بھر پور تائید کا مظاہرہ کیا ہے۔ لیکن نئے نظام میں ڈائریکٹر کے کردار، ٹکڑے ٹکڑے کرنے سے پرہیز، صحت عامہ کے اندر خود مختاری کو یقینی بنانے، اور یہ یقینی بنانے کہ کارکنان (ورک فورس) اور بشری وسائیل (HR) کی پالیسیاں صحت عامہ کے ایک مضبوط اسپیشلسٹ پیشے کی مسلسل نشوونما کی تائید کرتی ہیں اور صحت عامہ کے کارکنان کی ایک وسیع تر تعداد ، سے متعلق تفکرات اٹھائے گئے تھے۔

6. پالیسی کا یہ بیان اس پیش رفت کا تعین کرتا ہے جو ہم نے صحت عامہ کے نئے نظام کی نشوونما کرنے اور مندرجہ بالا تفکرات سے نپٹنے میں کی ہے۔ ایسا کرنے میں دستاویز اس با ت کا تعین کرتی ہے کہ ہم اصلاح شدہ صحت عامہ کے نظام کے کام کرنے سے متعلق کیسی توقعات رکھتے ہیں،م بشمول

- اصلاح صحت، تحفظ صحت اور آبادی کی نگہداشتِ صحت میں **مقامی حکام اور ڈائریکٹر صحت عامہ کے کردار** کی وضاحت کرنا؛
  - صحت عامہ کی مختلف خدمات کا **اختیار دینے** کے لئے کون ذمہ دار ہے، کے بارے میں تجاویز؛
  - مقامی حکام سے متوقع، حکمیہ طور پر درکار **لازمی خدمات؛**
- **گرانٹ کی شرائط** جو ہم مقامی حکام کی صحت عامہ کی گرانٹ پر عائد کرنے کی توقع رکھتے ہیں؛
- **Public Health England** کو ایک انتظامی ادارہ کے طور پر قائم کرنا تاکہ وہ ایک ایسے ڈھانچے کے اندر زیادہ بڑی عملیاتی خود مختاری فراہم کر سکے، جو سیکریٹری صحت کو واضح طور پر جواب دہ ہو۔
- **ہنگامی طور پر تیار رہنے، رجوع اور جواب** کے لئے واضح اصول۔

7. یہ دستاویز اس کا اعتراف بھی کرتی ہے کہ چند مسائل ایسے ہیں جو مزید نشوونما چاہتے ہیں۔ چنانچہ ہم مقامی حکومت ، صحت عامہ اور NHS کے کلیدی شرکاء کو شامل کریں گے تاکہ وہ آنے والے مہینوں کے دوران ایک معتبر پالیسی تیار کرنے کے لئے ہماری مدد کریں۔ ہم صحت عامہ کے نظام کے عملیاتی ڈیزائن کو مکمل کرنے کی خاطر صحت عامہ کے نظام کی اصلاح سے متعلق تازہ ترین معلومات کا ایک سلسلہ پیش کریں گے، بشمول:

- **صحت عامہ کے نتائج کا فریم ورک** (ڈھانچہ) جو تفصیلاً بتائے گا کہ ہم صحت عامہ کے نتائج اور اصلاحات کس کیسے سراغ رکھیں گے؛
- **Public Health England کا عملیاتی ماڈل** (نمونہ) جو یہ بیان کرے گا کہ Public Health England کیسے کام کرے گی، اس کے تعلقات اور یہ صحت کے اصلاح شدہ نتائج کی کیسے تائید کر سکتی ہے؛
  - **مقامی حکومت میں صحت عامہ اور ڈائریکٹر صحت عامہ** اس دستاویز میں تعین کردہ کردار پر عملیاتی ڈیزائن کی حتمی تفصیلی تشکیل؛

---

1 مارمٹ ایم۔ (Marmot M.) *صاف معاشرہ، صحت مند زندگیاں: 2010 کے بعد کے انگلینڈ میں صحت کی عدم مساوات کا حکمت عملی پر مبنی جائزہ* www.marmetreview.org

- **صحت عامہ کا خرچہ** بیس لائن (بنیادی) صحت عامہ تشکیل دینے کا خرچ اور تقسیم کا طریق کار، ہیلتھ پریمئم اور فرضی تقسیم؛
- **کارکنان،** ہم کارکنان کی ایک جامع حکمت عملی شائع کریں گے۔ ہم صحت عامہ کے پیشہ ور ماہرین کو باقاعدہ بنانے اور شرائط و ضوابط سے متعلق تفکرات کو حل کرنے کے لئے مقامی حکام اور صحت عامہ کے پیشہ ور ماہرین کے ساتھ کام کریں گے۔

8. جوں ہی ہم موسم خزاں اور نئے سال میں جائیں گے تو ہم یہ یقینی بنائیں گے کہ صحت عامہ کی ذمہ داریوں کو مقامی حکام کو تبدیلی اور Public Health England کے قیام کی تائید کی غرض سے مفصل منصوبہ جات موجود ہیں۔ دونوں اپریل 2013 سے اپنی مکمل ذمہ داریاں سنبھال لیں گے۔ رسمی منتقلی سے پہلے فرضی اور مشترکہ انتظامات کے ذریعے خاطر خواہ پیش رفت کی جا سکتی ہے۔ ہم معیار حرکت کے ذرائع کی تشکیل کرنے اور تغیر کے مقام پر خطرات میں کمی لانے جسیی پیش قدمیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

# 1. آپ کےخیالات کو سننا

**مشاورت اور سننے کے عمل کے بارے میں رپورٹ**

1.1 30 نومبر 2010 کو، حکومت نے *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ: انگلینڈ میں صحت عامہ کے لئے ہماری حکمت عملی* شائع کیا۔ جس نے صحت اور اور حکومت میں – ہمارے کئے ہوئے ہر کام میں خیر و عافیت کو مرکزی حیثیت دینے کے لئے ایک بے باک تصور کا تعین کیا۔ اس نے کئی مشاورتی سوالات پیدا کئے اور ڈاکٹر جبرئیل اسکیلی (Dr. Jabriel Scally) کی *Review of the Public Health Professionals* *(صحت کے پیشہ ور ماہرین کو باقاعدہ بنانے کا جائزہ)* سے متعلق خیالات معلوم کئے۔

1.2 اس قرطاس ابیض کو مزید دو مشاورتی دستاویزات نے مکمل کیا، *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ: نتائج میں شفافیت* اور *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ: صحت عامہ کے لئے خرچہ دینے اور اختیار تفویض کرنے کے راستوں سے متعلق مشاورت*، جو دونوں دسمبر 2010 میں شائع کی گئیں۔ تینوں دستاویزات پر مشاورت 31 مارچ 2011 تک جاری رہی۔ 60 سے زائد مشاورتی تقریبات میں محکمۂ صحت براہ راست شامل تھا؛ اور دوسرے کئی میں اس نے امداد دی۔

1.3 مختلف مشاورتوں میں ہمیں 2100 سے زائد رد عمل موصول ہوئے۔ موصول شدہ جوابات کی مقدار اور معیار سے ہمیں خوشی ہوئی، جس سے ہمیں نئے نظام کو مضبوط بنیاد پر استوار کرنے میں مدد ملے گی۔ جواب دہندگان نے وسیع طور پر، وفاقی حکومت کے صحت عامہ پر توجہ مرکوز کرنے، مارمنٹ کے ایجنڈا کی ذمہ داری اور نظام صحت کی نئی ذمہ داریاں مقامی حکام کو سونپنے کا خیر مقدم کیا

1.4 جواب دہندگان نے صحت عامہ کے فریم ورک کی تجویز اور صحت عامہ کو اختیار دینے کے مجوزہ راستوں کا بھی خیر مقدم کیا، اگرچہ مفصل تجاویز میں سے چند کے بارے میں تفکرات موجود تھے۔

1.5 مجموعی طور پر، مجوزہ نئے نظام کے بارے میں اٹھائے گئے کلیدی تفکرات حسبِ ذیل تھے جواب دہندگان نے:

- تحفظ صحت کی ایجنسی کی محکمۂ صحت کے اندر آزادانہ مشورہ دینے کی قابلیت کو محفوظ رکھنے کی اہمیت اور صحت عامہ کے ڈائریکٹروں کی اپنی مقامی آبادیوں کی طرف سے ایک آزادانہ آواز کے طور پر عمل کرنے کی ضرورت کو نمایاں کیا؛
- مقامی حکومت کے اندر ڈائریکٹر صحت عامہ کے کردار اور اختیار کے بارے میں استفسار کیا۔ خصوصاً، جواب دہندگان نے صحتِ عامہ کی تین عملداریوں میں ڈائریکٹر صحت عامہ کے کردار، اور آئندہ مؤثر، منصفانہ، قابلِ رسائی اور مناسب صحتِ عامہ کی خدمات کا خاکہ تیار کرنے میں صحت عامہ کے اسپیشلسٹ جو کردار ادا کریں گے، اس کے لئے مزید وضاحت کے لئے کہا؛
- مختلف تنظیموں میں پورے پروگراموں کو اختیار دینے کی ذمہ داری یا نگہداشت کے طریقوں کے حصے کرنے سے متعلق تفکرات اُٹھائے؛
- نئے نظام کے کلیدی پہلوؤں کے نفاذ کے طریقے، خاص طور پر حادثات اور ایمرجینسیوں کے کلیدی کھلاڑیوں کے کرداروں اور ذمہ داریوں کے بارے میں پوچھا؛
- دائرے میں محدود گرانٹ کے سائز اور گنجائش کی وضاحت کے بارے میں پوچھا؛
- محسوس کیا کہ صحت عامہ کے اسپیشلسٹوں کو NHS سے باہر بھیجنے کے نتیجے میں قوتِ کار (ورک فورس) حصوں میں بٹ جائے گی، اور مقامی اتھارٹیوں اور محکمۂ صحت اور صحتِ عامہ کے عملے کی شرائط و ضوابط سے متعلق وضاحت کرنے کے لئے کہا۔

1.6 مشاورتوں کے ختم ہونے کے تھوڑے عرصے کے بعد حکومت نے NHS Future Forum ( NHS مستقبل کا فورم) کا اجراء کیا، جو حکومت کی مجوزہ اصلاحات کے مختلف پہلوؤں سے متعلق اظہار کردہ تفکرات میں شامل ہونے، انہیں سننے اور ان سے متعلق مشورہ دینے سے بھرے ہوئے تھے۔ اگرچہ سننے کے عمل کی توجہ NHS پر مرکوز تھی، تاہم، صحت عامہ سے متعلق کئی مددگار جوابات جو ہمیں عوام سے موصول ہوئے، ہمیں آگے بڑھنے کے لئے ہماری سوچ کی تشکیل کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔ حکومت کے 20 جون 2011 کو شائع کی گئی NHS Future Forum رپورٹ کے جواب نے تعین کیا کہ سننے کے عمل (اور صحت عامہ کی مشاورتوں سے برآمد شدہ موضوعات) کی روشنی میں پالیسی کس انداز سے بدلی ہے۔ ان تبدیلیوں میں Public Health England کو ایک انتظامی ایجنسی کے طور پر تخلیق کرنا اور نگہداشت کے کمشنروں کو صحت عامہ سمیت طبی مشورے حاصل کرنے کی مضبوط تر ذمہ داریاں تفویض کرنا شامل ہیں۔

1.7 حکومت کے NHS Future Forum پر رد عمل نے اس بارے میں مزید تفصیلات دینے کا وعدہ کیا کہ ہم یہ کیسے یقینی بنائیں گے کہ صحت عامہ کے پیشہ ور ماہرین NHS کے کمشنروں کی شراکت میں، معیار اور مریضوں کے نتائج میں اصلاحات کرنے اور عدم مساوات کو کم کرنے میں ایک کلیدی کردار ادا کریں گے (پیرا گراف 3.63)۔[2] یہ جواب اس بات کو واضح کرتا ہے کہ یہ اصلاحات معیار کو بڑھانے، عدم مساوات سے نپٹنے اور زیادہ تر زد پذیر افراد (vulnerable) کی صحت کو بہتر بنانے کے لئے ایک مضبوط طاقت ہوگی۔

1.8 پالیسی کا یہ بیان دوران زندگی صحت عامہ کے لئے حکومت کے تصور کی مزید توثیق کرتا ہے۔ اس نئے راستے کا مقصد شیر خوارگی سے ہی – ابتدائی سالوں کے لئے مضبوط تر امداد کے ساتھ زیادہ مشخّص، احتیاطی خدمات پر زور دیتے ہوئے، لوگوں کی عزت نفس، اعتماد اور رجوع کی تعمیر کرتا ہے، جن کا مرکز توجہ شہریوں کے لئے بہترین نتائج مہیا کرنا ہوتا ہے۔

1.9 پالیسی کے اس بیان میں جو منصوبے ہم بیان کرتے ہیں، وہ *صحت مند زندگیاں، تندرست لوگ: انگلینڈ میں صحتِ عامہ کے لئے ہماری حکمتِ عملی* اور صحت اور سماجی نگہداشت کے مسودہٴ قانون کی شرائط کے مطابق ہوتے ہیں۔ چنانچہ ، ہم نے دونوں کی برابریوں پر پڑنے والے اثر کو زیر غور رکھنے کا خیال رکھا ہے، اور آگے بڑھنے کے راستے کا تعین کرنے میں ایسا کرنے کو یقینی بنانا جاری رکھیں گے۔ مشاورتوں پر رد عمل کا ایک خلاصہ www.dh.gov.uk پر دستیاب ہوگا۔

[2] http://www.dh.gov.uk/prod_consum_dh/groups/dh_digitalassets/documents/digitalasset/dh_127880.pdf

TSO
اطلاعات اور حلوں کی اشاعت

TSO (The Stationary Office) نے شائع کیا اور مندرجہ ذیل مقامات سے دستیاب:

**آن لائن**
**www.tsoshop.co.uk**

**ڈاک، ٹیلیفون، فیکس اور ای میل**
TSO
P.O. Box 29, Norwich NR3 1GN
ٹیلیفون آرڈر/عمومی استفسارات: 0870 600 5522
پارلیمنٹری ہاٹ لائن کے ذریعے آرڈر کریں لو کال 0845 7 023474
فیکس آرڈر: 0870 600 5553
ای میل: customer.services@tso.co.uk
ٹیکسٹ فون: 0870 240 3701

**پارلیمینٹری بُک شاپ**
The Parliamentary Book Shop
12, Bridge Street, Parliament Square,
London SW1A 2 JX
ٹیلیفون آرڈر/عمومی استفسارات: 020 7219 3890
فیکس آرڈر: 020 7219 3866
ای میل: bookshop@parliament.uk
انٹرنیٹ: http://www.bookshop.parliament.uk

**TSO@Blackwell اور دیگر باآختیار ایجنٹ**

گاہک مندرجہ ذیل سے بھی اس مطبوعے کا آرڈر کر سکتے ہیں:

TSO Ireland
16 Arthur Street, Belfast BT1 4GD
ٹیلیفون آرڈر/عمومی استفسارات: 028 9023 8451
فیکس آرڈر: 028 9023 5401

BAR
CODE